
© rasailojaraid.com



مولانا محمد اسلام حقانی
رکن موتمر المصنفین



# تعارف وتبصرہ کتب

● **نظریہ پاکستان اور قرار داد مقاصد ایک تجربہ** مؤلف: مہندس محمد اکرام خان سوری

ملنے کا پتہ: معروف کتب فروش اردو بازار لاہور ضخامت: ۲ جلد۔۔۔جلد کل صفحات ۱۶۹۲

کتابوں کی کئی قسمیں عام طور پر پائی جاتی ہیں کوئی کتاب ادبی ذوق اور چاشنی کی حامل ہوتی ہے، کوئی معلوماتی اور کوئی کتاب انتہائی تحقیقی اور تجزیاتی ذوق کے حامل قرار دی جاسکتی ہے۔اس طرح قارئین کی بھی کئی قسمیں ہیں، کوئی ادبی کتابوں سے لطف اٹھاتے ہیں، کوئی معلوماتی کتابوں سے لطف اندوز ہوتے ہیں تو کوئی تحقیقی کتابوں سے اپنے قلب کو تسلی بخش دیتے ہیں۔نظریہ پاکستان اور قرار داد مقاصد کے حوالہ سے ان گنت کتابیں لکھی گئی ہیں اور اب بھی لکھی جا رہی ہے کوئی اس کے حق میں پر زور دلائل دے رہے ہوتے ہیں اور کوئی اس کے ردونقد میں بھی لکھتے رہتے ہیں۔

جناب مہندس محمد اکرام خان سوری کا موضوع بھی یہی ہے اس سے پہلے بھی ان کی کئی کتابیں اس موضوع پر موجود ہیں جو منظر عام پر آچکی ہے، زیر تبصرہ کتاب ''نظریہ پاکستان اور قرار داد مقاصد ایک تجربہ'' کے درج ذیل مباحث اور موضوعات قابل ذکر ہیں: ہم نے پاکستان کیوں بنایا؟ مطالبہ پاکستان، آئین، اسلامی جمہوریہ پاکستان اور پاکستان کی مبہم اصطلاحات پر حلف، حصول پاکستان کا مقصد، دوقومی نظریہ، نظریہ پاکستان کا تعارف اس کی حقیقت اور بنیاد، ہندوستان کی تقسیم، قرار داد مقاصد کا مقصد، قرار داد مقاصد میں وائرس، اقتدار کا استحقاق اور اہلیت، آئین کی ظاہری ہیئت میں پنہاں ابہام، قرار داد مقاصد میں بے آہنگی وغیرہ وغیرہ قابل ذکر ہیں ان مباحث سے یہ کتاب بحث کرتی ہے، اپنے موضوع پر یہ کتاب معلومات و تحقیقات کا ایک سمندر ہے کتاب پڑھنے سے تعلق رکھتا ہے اور قاری کو غور وفکر کی طرف دعوت دیتا ہے اور اسے تدبر اور سوچ پر مجبور کرتا ہے۔یقیناً مؤلف موصوف نے نہایت محنت، جدوجہد اور خلوص نیت سے اس کتاب کو مرتب کر کے اور چشم کشا حقائق قارئین کے سامنے لانے کی کوشش کی ہے، اللہ تعالیٰ موصوف کی اس بہترین کاوش کو شرف قبولیت سے نوازے اور ہم کو اس پر سوچنے کی توفیق عطا فرمائے۔

© rasailojaraid.com